SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۹۲

SINDH ACT NO.III OF 1992

سندھ سول کورٹس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱

THE SINDH CIVIL COURTS (AMENDMENT) ACT, 1991

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۶۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس II کی دفعہ ۷ کی نعم البدلی
Substitution of Section 7 of West Pakistan Ordinance II of 1962
۳۔ ۱۹۶۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس II کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم
Amendment of Section 18 of West Pakistan Ordinance II of 1962
۴۔ ۱۹۶۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس II کی دفعہ ۲۴ کی ترمیم
Amendment of Section 24 of West Pakistan Ordinance II of 1962
۵۔ ۱۹۹۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر VII کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance No.VII of 1991

سندھ ایکٹ نمبر III مجریہ ۱۹۹۲

SINDH ACT NO.III OF 1992

سندھ سول کورٹس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱

THE SINDH CIVIL COURTS (AMENDMENT) ACT, 1991

[۲۲ فروری ۱۹۹۲]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ سول کورٹس آرڈیننس، ۱۹۶۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ سول کورٹس آرڈیننس، ۱۹۶۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ سول کورٹس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۱ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۶۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس II کی دفعہ ۷ کی نعم البدلی

Substitution of Section 7 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۲۔سندھ سول کورٹس آرڈیننس، ۱۹۶۲ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۷ کے لیئے مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیلی کی جائے گی:

("۷۔ضلعہ جج کی عدالت کااصل دائرہ اختیار۔) بشرطیکہ وقتی طور پر نافذ کسی بھی قانون کے تحت، ضلعہ کراچی کی عدالت کا اصل دائرہ اختیار سول کیسوں اور کارروایوں میں کراچی ضلعہ کے اندر سول کیسوں اور کارروایوں میں اصل دائرہ اختیار کی قیمت کی حد کے علاوہ ہوگا اور پانچ لاکھ روپے کی قیمت والی کارروایوں پر شنوائی ہائی کورٹ کرے گی۔"۔

بشرطیکہ سول کیسوں اور کارروایوں میں کراچی ضلعہ کے اندر پانچھ لاکھ روپے کی قیمت سے زائد کے سلسلے میں ہائی کورٹ میں التویٰ ہونے کی

صورت میں سندھ سول کورٹس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱ کے نافذ ہونے کے فوری بعد ہائی کورٹ کی طرف سے نیکال کیئے جائیں گے۔

۱۹۶۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس II کی دفعہ ۱۸ کی ترمیم
Amendment of Section 18 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۱۸ کی ذیلی دفعہ (۱) کی شق (a) میں الفاظ "پچاس ہزار روپے" کے لیئے الفاظ "دو لاکھ اور پچاس ہزار روپے" متبادل ہوں گے۔

۱۹۶۲ کے مغربی پاکستان آرڈیننس II کی دفعہ ۲۴ کی ترمیم
Amendment of Section 24 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۴۔مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۲۴ میں، الفاظ "ایک لاکھ روپے" جہاں بھی آئیں، الفاظ "پانچ لاکھ روپے" متبادل ہوں گے۔

۱۹۹۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر VII کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance No.VII of 1991

۵۔ سندھ سول کورٹس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۹۱ کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا